آپ کی پناہ کی درخواست

معلومات برآئے طریقہ بمقام بارڈر

آپ کو یہ فولڈر کیوں دیا گیا؟
آپ ہالینڈ میں ہوائی یا بحری جہاز سے داخل ہوئے۔ اب آپ ہالینڈ میں پناہ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ پناہ حاصل کرنے سے مراد ہے: ایسے لوگوں کا کسی دوسرے ملک میں تحفظ جو اپنے ہی ملک میں محفوظ نہ ہوں اور جن کو اپنے ہی ملک میں تحفظ میسر نہ ہو۔

جب آپ پناہ کے لیے درخواست دیتے ہیں، تو آپ ہالینڈ کی حکومت سے باقاعدہ رہائشی اجازت نامے کے لیے درخواست کر رہے ہوتے ہیں۔ ہالینڈ میں رہائش کے لیے آپ کو اس اجازت نامہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ جب آپ پناہ کے لیے درخواست دیتے ہیں تو آپ کا پناہ حاصل کرنے کا عمل شروع ہو جاتا ہے: یہ ایک ایسا قانونی عمل جس میں ہالینڈ کی حکومت اس بات کی جانچ پڑتال کرتی ہے کہ آیا آپ کے لیے رہائشی اجازت نامہ کی منظوری دی جانی چاہیئے یا نہیں۔ یہ بارڈر پہ عمل عموما" 28 دنوں تک مکمل ہوتا ہے۔

یہ کتابچہ آپ کو یہ معلومات فراہم کرتا ہے کہ بارڈر پہ پناہ حاصل کرنے کا طریقہ کیا ہے۔ اس عمل کی کیا شرائط ہیں۔ اس میں یہ درج ہے کہ آپ کو کیا کرنا ہے (آپ کے فرائض) اور ہالینڈ کی حکومت سے آپ کیا توقع رکھ سکتے ہیں (آپ کے حقوق)۔

پہلا مرحلہ: حاضری اور اندراج

آپ ہالینڈ کی بارڈر پولیس کے پاس جاتے ہیں۔ بارڈر پولیس کے اہلکار آپ کی شناخت کا تعیّن کرتے ہیں۔ یہ پولیس کے اہل کار آپ کی ذاتی معلومات، جیسا کہ آپ کا نام، تاریخ پیدائش اور شہریت، کا اندراج کرے گی۔ وہ آپ کے کپڑوں اور آپ کے سامان کی تلاشی لے گی اور آپ کی تصاویر اور انگلیوں کے نشانات حاصل کرے گی۔ وہ آپ کو ایک فولڈر دیں گے جس میں آپ کی انگلیوں کے نشانات حاصل کرنے کی وجوہات درج ہونگی۔ آپ اپنی پناہ کی درخواست کے نیچے دستخط کریں گے۔

آپ کے سفری راستے کے بارے میں بھی سوال کیے جا سکتے ہیں، اور اس بارے میں بھی کہ آیا آپ نے پہلے بھی کبھی پناہ کی درخواست دی ہے، یہاں یا پھر یورپ میں کہیں بھی، یا کہ یہاں یا یورپ میں کہیں بھی آپ کے خاندان کے افراد موجود ہیں۔ کیا آپ کے پاس ایسے کاغذات موجود ہیں جو کہ آپ کی شناخت ثابت کر سکیں، جیسا کہ پاسپورٹ، شناختی کارڈ، پیدائش سرٹیفیکیٹ، یا ڈرائیونگ لائسنس؟ کیا ایسے کاغذات ہیں جوکہ آپ کے سفر یا آپ کی پناہ کی درخواست کو ثابت کرسکیں مثلا" ٹکٹ، بورڈنگ کارڈ، ڈپلومہ، عدالتی فیصلہ یا اخباری تراشے؟ یہ کاغذات اندراج کے وقت پیش کریں یا پناہ کا عمل شروع ہونے سے قبل منگوا لیں۔ اس ضمن میں محکمۂ مہاجرین کا عملہ آپکی مدّد کر سکتا ہے۔

VluchtelingenWerk Nederland

ایک خود مختار تنظیم VluchtelingenWerk Nederland (VWN) ہالینڈ کی کونسل برائے مہاجرین ہے، جو کہ پناہ کے متلاشی افراد کے مفادات کی نگرانی کرنے کے لیے بنائی گئی ہے۔VluchtelingenWerk آپ کو پناہ حاصل کرنے سے متعلق طریقہ کار کے بارے میں معلومات اور تفصیلات مہیا کرتی ہے۔VluchtelingenWerk اس پورے عمل کے دوران ذاتی طور پر آپ کو معلومات اور امداد فراہم کرتی ہے، اور دوسری تنظیموں کے ساتھ مسائل کی صورت میں ثالثی کرتی ہے۔ ایسا کرتے ہوئے وہ آپ کے وکیل کے ساتھ قریبی تعاون کرتی ہے اور یہ آپ کی درخواست برآئے پناہ کا فیصلہ نہیں کرتی۔

بارڈر پولیس کے ماہرین آپ کی دستاویزات کی اصلیت کی جانچ پڑتال کریں گے۔ ہالینڈ کا نوآبادکاری اور حقوق شہریت سے متعلق ادارہ (IND) ان کاغذات کو آپ کی پناہ کے لیے دی گئی درخواست کی جانچ پڑتال کرنے میں استعمال کرے گا۔

نوٹ! آپ سے متعلق ذاتی معلومات اور دستاویزات آپ کی پناہ کی درخواست کی جانچ پڑتال کے لیے ضروری ہیں۔ جامع معلومات پیش کریں اور اس بات کی تصدیق کر لیں کہ معلومات مکمل اور صحیح طور پر درج ہوئی ہیں۔ ذاتی دستاویزات کو کبھی بھی ضائع نہ کریں۔ ہالینڈ کی حکومت کبھی بھی آپ کے ملک کے حکام کو اس بارے میں آگاہ نہیں کرے گی کہ آپ نے ہالینڈ میں پناہ کے لیے درخواست دے رکھی ہے۔

دوسرا مرحلہ: آرام اور تیاری کی مدّت

پناہ حاصل کرنے کی کاروائی آپ کی ہالینڈ میں آمد کے فوراً بعد شروع نہیں ہوتی۔ آپ کو سفر کی تھکان سے نکلنے اور پناہ کے طریقہ کار پر عمل کے لیے وقت دیا جاتا ہے۔ اس مقصد کے لیے آپ کو کم از کم 6 دن دیئے جاتے ہیں۔ یہ وقت آرام اور تیاری کی مدّت قرار دی گئی ہے۔ آپ کے وکیل سے مشورے کے بعد آئی این ڈی اس مدّت کو کم کر سکتی ہے۔

قیّام

آپ کی آمد اور اندراج کے چند گھنٹوں کے اند ر اندر آپ کو فضائی اڈے کے پاس کسی بند وصولی مرکز میں لے جایا جاتا ہے۔ آپ پناہ کے طریقے بمقام بارڈر کے تمام وقت کے دوران آپ یہیں رہتے ہیں۔ آپ اکیلے اس مقام کو نہیں چھوڑ سکتے۔ اس عمارت میں شعبۂ مہاجرت اور شہریت کا دفتر بھی موجود ہے۔

Immigratie en naturalisatiedienst
Ministerie van Justitie en Veiligheid

ہالینڈ کا ہجرت اور حقوق شہریت سے متعلق ادارہ IND ہالینڈ کی وزارت برائےتحفظ اور انصاف کا حصہ ہے۔ آئی این ڈی کے اہل کار آپ کی شناخت، شہریت، سفری راستہ اور اپنا ملک چھوڑنے سے متعلق وجوہات کے بارے میں آپ کا انٹرویو کریں گے۔ وہ آپ کی ذاتی کہانی اور آپ کے ملک میں حالات سے متعلق تحقیق کریں گے۔ اس کے بعد وہ اس بات کا فیصلہ کریں گے کہ آیا آپ کو (عارضی طور پر) ہالینڈ میں رہنے کی اجازت دی جائے یا آپ کو آپ کے ملک واپس بھجوا دیا جائے۔

معائنہ برآئے ٹی بی

تپ دق (ٹی بی) دنیا بھر میں موجود ایک خطرناک مرض ہے۔ یہ بیماری جس ملک کے آپ شہری ہیں، وہاں پر بھی ہو سکتی ہے۔ پھیپھڑوں کی فعال تپ دق میں مبتلا لوگ دوسرے لوگوں کو بھی بیمار کر سکتے ہیں، مثال کے طور پر کھانسی یا چھینکوں کے ذریعے۔

بند وصولی مرکز کے شعبۂ صحت کا اہلکار آپ سے اس بارے میں کچھ سوالات کریگا۔ اگر شک ہو جاۓ کہ آپکو ٹی بی ہے تو اس وقت اس بیماری کے لیے آپکی صحت کا مکمل معائنہ کیا جائے گا۔ اس صورت میں آپ کو ہسپتال بھیجا جاۓ گا۔ اگر ٹی بی کی تشخیص ہو گئی تو آپ کا مکمل علاج ہو گا اور دوائی دی جاۓ گی۔ اس صورت میں پناہ کا مزید عمل آپ کی صحتیابی کے بعد شروع ہو گا۔

معلومات

قیام کے دوران پناہ کے متلاشی افراد کے لیے مرکز میں پناہ کے طریقۂ کار سے متعلق کونسل برآۓ مہاجرین (VWN) پناہ سے متعلق طریقہ کار اور صحت کے بارے آپ کو ہدایات دیتے ہیں۔ کوآ میں معلومات فراہم کرے گی۔

اس محکمے کے ملازمین پناہ حاصل کرنے کی کاروائی کے دوران آپ کو معلومات اور امداد فراہم کریں گے۔(کونسل برائے مہاجرین) کی خدمات بلا معاوضہ ہیں۔ آپ کی معلومات کو پوشیدہ رکھا جاتا ہے۔

Forensisch Medische Maatschappij Utrecht

آپ کے وصولی کے مرکز میں آپکی ملاقات تنظیم برآۓ قانونی طب، اوتریخت (FMMU)، کے ساتھ ہے۔ یہ نرس آپ سے پوچھتی ہے کہ آیا آپ اپنے طبی معائنے میں تعاون کریں گے۔ ایسے معائنے کا مقصد یہ ہے کہ آیا کہ آپ کو ایسی نفسیاتی اور/یا جسمانی تکالیف کا سامنا ہے جوکہ آپکی آئی این ڈی سے انٹرویوز پہ اثرانداز ہو سکتی ہیں۔

طبّی مشورہ

معائنہ کے دوران نرس آپ سے سوالات پوچھے گی۔ ضرورت پڑنے پر نرس آپ کو مزید معائنہ کے لیے کسی ڈاکٹر کے پاس بھجوائے گی۔ نرس یا ڈاکٹر طبی معائنہ کے نتائج آئی این ڈی کو بھجوائیں گے۔ البتہ وہ ایسا صرف آپ کی اجازت ملنے پر ہی کریں گے۔ پناہ حاصل کرنے کی کاروائی کے دوران آئی این ڈی آپ کی صحت سے متعلق معلومات کو بھی مدنظر رکھے گی۔

یہ اہم ہے کہ آپ ممکنہ نفسیاتی اور جسمانی بیماریوں کے حوالے سے سچّے ہوں اور یہ امور اسی طرح نرس یا ڈاکٹر کو بتائیں۔ اگر آپ کے جسم پہ زخم کے نشان ہیں تو یہ اہم ہے کہ آپ یہ نرس کو بتائیں۔ اس طبّی معائنے کی رپورٹ خفیہ رکھی جاتی ہے۔ یہ طبّی معائنہ لازمی نہیں اور اس تفتیش کے لیے آپ کو کچھ خرچ نہیں کرنا پڑتا۔

اگر آپ ایسا طبّی معائنہ نہیں کرانا چاہتے تو نرس کو بتا دیں۔ اس صورت میں آئی این ڈی انٹرویو کے دوران آپ کی صحت کا کوئی خیال نہیں رکھے گی۔

وکیل کی خدمات

پناہ حاصل کرنے کی کاروائی کے دوران ایک وکیل آپ کی مدد کرے گا۔ یہ وکیل ہالینڈ کی حکومت کے اثر سے آزاد ہوتا ہے۔ ادارہ برائے قانونی امداد - Raad voor Rechtsbijstand, Legal Aid کی طرف سے آپ کو ایک وکیل کے ساتھ ملاقات کرنے کی دعوت ملے گی۔ اس ملاقات میں وکیل آپ کو آئی این ڈی کے ساتھ انٹرویو کی تیاری کروائے گا۔ آپکی وکیل کے ساتھ یہ ملاقات اسی عمارت میں ہو گی جہاں آپ ٹھرے ہوۓ ہیں۔

آپ کو وکیل کی قانونی امداد کے لیے فیس ادا کرنے ضرورت نہیں ہوتی۔ آپ سے متعلق معلومات کو پوشیدہ رکھا جاتا ہے۔

Raad voor Rechtsbijstand (Legal aid)

اگر آپ وکیل کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے تو ادارہ برائے قانونی امداد - Raad voor Rechtsbijstand آپ کے لیے کسی وکیل کی خدمات کو یقینی بناتا ہے۔ Raad voor Rechtsbijstand وکیل کو آپ کی مدد کرنے کے لیے فیس کی ادائیگی کرے گا۔ وکیل کا ملازم نہیں ہوتا۔ وکیل قانونی امداد کی فراہمی میں خودمختار ہوتا ہے جو پناہ حاصل کرنے کی کاروائی کے دوران آپ کی مدد کرے گا۔

تیسرا مرحلہ: پناہ کا عمل دن بدن

آرام اور تیاری کی مدّت کے بعد پناہ حاصل کرنے کا عمل شروع ہوتا ہے۔ یہ عمل اسی عمارت میں ہو گا جہاں آپ ٹھہرے ہوئے ہیں۔ آپکی اپنے وکیل سے ملاقاتیں بھی اسی جگہ ہونگیں۔ آپ کے وکیل اور آئی این ڈی کے عملے کے دفاتر اسی عمارت میں ہیں جہاں آپ ٹھہرے ہوئے ہیں۔

نیچے دیا گیا متن پناہ کے حصول کے دن بدن طریقہ کار کی وضاحت کرتا ہے:

پہلا دن: ابتدائی انٹرویو
آپ کی شناخت، شہریت اور آپ کے سفر کے راستے سے متعلق آئی این ڈی کے ایک اہل کار کے ساتھ آپ کی باقاعدہ ملاقات ہوگی۔ یہ ملاقات ابتدائی انٹرویو کہلاتی ہے۔ اس انٹرویو کے دوران آپ سے فی الوقت یہ نہیں پوچھا جائے گا کہ آپ کی پناہ کے لیے دی جانے والی درخواست کی وجہ کیا ہے۔ یہ بعد میں آئی این ڈی کے اہل کار کے ساتھ ہونے والی ملاقات میں پوچھا جائے گا (دیکھیے، تیسرا دن)۔
آپ کی شناخت، شہریت اور سفر کے راستے کے متعلق مزید وضاحت کے لیے، نیز اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ آیا آپ سچ بتا رہے ہیں، آئی این ڈی کا ملازم آپ سے کئی تفصیلات پوچھے گا۔ آپ جتنا زیادہ ہو سکے اس انٹرویو کی تیاری کریں۔ آپ کو اپنی واضح اور جامع شناخت کروانے کا صرف ایک موقع دیا جائے گا۔ ہمیشہ اپنے بارے میں مصدقہ معلومات فراہم کریں، نہ کہ جعلی (سفری) دستاویزات پر موجود معلومات۔ اگر آپ کی کوئی عرفیت (= جعلی نام) ہے تو اس کا بھی ذکر کریں۔ آپ کو ایسا ضرور کرنا چاہیئے، کیونکہ آپ کی دستاویزات اور آپ کی کہانی کی اصلیت معلوم کرنے کے لیے جانچ پڑتال کی جائے گی۔ اگر آئی این ڈی اس فیصلہ پر پہنچتی ہے کہ آپ کی کہانی جھوٹی ہے یا آپ کے کاغذات اصلی نہیں ہیں تو اس سے آپ کی پناہ کے لیے دی گئی درخواست پر منفی اثر پڑے گا۔ اگر آپ چاہیں تو آپ VluchtelingenWerk سےکہہ سکتے ہیں کہ وہ ابتدائی انٹرویو میں موجود ہو۔
آئی این ڈی کے ساتھ ملاقات میں مترجم موجود ہو گا۔ آئی این ڈی کا اہل کار ولندیزی (ڈچ) زبان میں سوالات پوچھے گا۔ مترجم ان سوالات کا ترجمہ اس زبان کرے گا جو کہ آپ سمجھ سکتے ہوں۔ اس کے علاوہ مترجم آپ کے جوابات کا ترجمہ ولندیزی زبان میں کرے گا۔ مترجم خودمختار ہوتا ہے اور آپ کی پناہ کے لیے دی گئی درخواست پر اثرانداز نہیں ہوتا۔

اگر آپ اور مترجم ایک دوسرے کو سمجھنے میں مشکل کا سامنا کر رہے ہیں تو آپ دوسرے مترجم کے لیے کہہ سکتے ہیں۔ سوالات کو صحیح طور پر سمجھنے میں کمی کے نتیجہ میں ہونے والی غلط فہمی سے بچنے کے لیے یہ ضروری ہے۔

اگر آپ نے پناہ کے لیے اپنے شریک حیات یا ساتھی کے ساتھ مل کر درخواست دی ہے تو آئی این ڈی کا ایک اہل کار آپ دونوں کا علیحدہ علیحدہ انٹرویو لے گا۔ اگر آپ کے 15 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بچے ہیں تو ان کو بھی انفرادی انٹرویو دینا ہو گا۔ آپ کو بذریعہ آپ کے وکیل کے ابتدائی انٹرویو کی رپورٹ مل جائے گی۔

دوسرا دن: تفصیلی انٹرویو کی تیاری
آپ کا وکیل آپ کے ساتھ ابتدائی انٹرویو کی رپورٹ پر بات چیت کرے گا۔ اس مقصد کے لیے بند مقام وصولی میں وکیل کے پاس ایک کمرہ ہوتا ہے۔ اس ملاقات کے دوران ایک مترجم آپ کی اور وکیل کی کہی ہوئی ہر بات کا ترجمہ کرتے ہوئے آپ کی مدد کرے گا۔ رپورٹ میں کسی چیز کے نہ ہونے یا کسی چیز کے غلط طور پر بیان ہونے کی صورت میں وکیل آئی این ڈی کو خط کے ذریعہ مطلع کرے گا۔ آئی این ڈی کے ساتھ دوسری میٹنگ کے لیے وکیل آپ کو تیاری کرائے گا۔

تیسرا دن: تفصیلی انٹرویو
آئی این ڈی کے اہل کار کے ساتھ دوسری ملاقات تفصیلی انٹرویو کہلاتی ہے۔ انٹرویو کے دوران آپ پناہ کے لیے دی گئی درخواست کی وجہ بتا سکتے ہیں۔ آئی این ڈی کااہل کار آپ سے اس سلسلے میں سوالات بھی پوچھے گا۔

اس ملاقات کا انعقاد بھی آئی این ڈی کے دفتر میں کیا جائے گا۔ آپ کا ہر اس امر کے بارے میں بتانا اہم ہے جس سے اس بات کا اظہار ہو سکے کہ آپ کا تحفظ ضروری ہے۔ آپ کے ساتھ جو کچھ ہوا ہے اور آپ اپنے ملک میں کیوں غیر محفوظ ہیں اس کے متعلق مکمل، دیانتداری سے، جامع طور پر اور وضاحت سے بتائیں۔ اگر آپ کو کوئی واقعہ مکمل طور پر یاد نہیں تو اس کے بارے میں آئی این ڈی کے اہل کار کو بتائیں۔ آئی این ڈی کے اہل کار کو آپ کے ملک کے عمومی حالات کے بارے میں پتہ ہوتا ہے۔ اس لیے یہ ضروری ہے کہ آپ اپنی ذاتی صورتحال حال کے بارے میں بتائیں: آپ کو ذاتی طور پر تحفظ کی ضرورت کیوں ہے۔ جتنی زیادہ متعلقہ تفصیلات بتا سکتے ہیں، بتائیں۔ اگر کوئی زخم کے نشان ہیں، کوئی جسمانی یا نفسیاتی مسائل ہیں کہ جن کا آپکی صورتحال سے تعلق ہے تو وہ بھی آئی این ڈی کے اہلکار کو بتائیں۔ اس پہ آئی این ڈی یہ فیصلہ کر سکتا ہے کہ آپکی عدالتی طبّی تفتیش کی جاۓ اگر وہ آپ کی درخواست کے لیے ضروری سمجھیں۔ آپ خود بھی ایسی تفتیش اپنے اخراجات پہ کرا سکتے ہیں۔ اس ملاقات میں بھی ایک مترجم موجود ہو گا۔ اگر آپ چاہیں تو بعض اوقات VluchtelingenWerk سے کوئی اس میں ملاقات میں موجود ہو سکتا ہے۔ آپ کو (بذریعہ آپ کے وکیل کے) تفصیلی انٹرویو کی رپورٹ مل جائے گی۔

چوتھا دن: تفصیلی انٹرویو پر بات چیت
آپ کا وکیل آپ کے ساتھ تفصیلی انٹرویو کی رپورٹ پر بات چیت کرے گا۔ اس ملاقات کے دوران ایک مترجم آپ کی اور وکیل کی کہی ہوئی ہر بات کا ترجمہ کرتے ہوئے آپ کی مدد کرے گا۔ رپورٹ میں کسی چیز کے نہ ہونے یا کسی چیز کے غلط طور پر بیان ہونے کی صورت میں وکیل آئی این ڈی کو خط کے ذریعہ مطلع کرے گا۔

پانچواں دن: ممکنہ فیصلہ
آئی این ڈی اس بات کا تعین کرتی ہے کہ آیا آپ پناہ کے رہائشی اجازت نامہ کی شرائط پر پورے اترتے ہیں۔ اس جانچ پڑتال کے نتیجہ سے آپ کی پناہ کی مزید کاروائی کا تعین ہوتا ہے۔ اس میں چار باتوں کا امکان ہوتا ہے:
1-آپ پناہ کے رہائشی اجازت نامے کی شرائط پر پورا اترتے ہیں۔ آپ کو بذریعہ آپ کے وکیل کے آئی این ڈی کا ایک خط ملتا ہے، جس میں یہ لکھا ہوتا ہے کہ پناہ کے لیے بارڈر کا طریقہ ختم ہوتا ہے اور آپ کو ہالینڈ میں (عارضی) رہائش جاری رکھنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ آپ کا وکیل آپ کو اس خط کے مزید نتائج کے بارے میں آپ کو وضاحت دے گا۔
2-آئی این ڈی کو تفتیش کے لیے مزید وقت درکارہے اور آپ کی پناہ کے درخواست پر اٹھائیس دنوں کے اندر فیصلہ نہیں کر سکتی۔ آئی این ڈی آپ کی پناہ کے لیے دی گئی درخواست پر پناہ کے توسیعی طریقہ کار کی کاروائی جاری رکھے گی۔ یہ عمل اب (کھلے) مرکز پناہ میں ہو گا۔ آپ کی پناہ کے لیے دی گئی درخواست پر فیصلہ بعد میں آئے گا۔ پناہ کے توسیعی طریقہ کار سے متعلق آپ کو معلومات پر مشتمل ایک دوسرا کتابچہ ملے گا۔

3-آئی این ڈی یہ فیصلہ کرتی ہے کہ آپ پناہ کے رہائشی اجازت نامہ کی شرائط پر پورے نہیں اترتے، لیکن آپ کی پناہ کے لیے دی گئی درخواست پناہ کے توسیعی طریقہ کار میں کاروائی جاری رہے گی۔ یہ عمل اب تقریبا" ایک ہفتے بعد (کھلے) مرکز پناہ میں ہو گا۔ پناہ کے توسیعی طریقہ کار سے متعلق آپ کو معلومات پر مشتمل ایک دوسرا کتابچہ ملے گا۔

4-آئی این ڈی یہ فیصلہ کرتی ہے کہ آپ پناہ کے رہائشی اجازت نامہ کی شرائط پر پورے نہیں اترتے۔ آپ کو بذریعہ آپ کے وکیل کے آئی این ڈی ایک خط مہیا کرے گی، جس میں یہ بتایا جایا گا کہ آئی این ڈی آپ کی پناہ کی درخواست کو مسترد کرنے کا ارادہ (= منصوبہ) رکھتی ہے۔ اس خط میں متوقع استرداد کی وجوہات اور آپ کے لیے اس کے نتائج بھی بیان ہوں گے۔ آپ کا وکیل اس خط کے بارے میں آپ سے بات چیت کرے گا۔

چھٹا دن: رائے

اگر آئی این ڈی آپ کی پناہ حاصل کرنے کی درخواست کو مسترد کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تو اپنے وکیل سے اس ارادہ کے متعلق بات چیت کریں۔ آپکے وکیل نے اس حوالے سے آپ سے ملاقات کرنی ہے۔ اس کے بعد آپ کا وکیل آئی این ڈی کو تحریری رائے ارسال کر سکتا ہے۔ اس خط میں آپ آئی این ڈی کے متوقع فیصلہ کا باقاعدہ طور پر جواب دیتے ہیں اور اس سے اپنے اختلاف کی وجوہات بیان کر سکتے ہیں۔

ساتواں اور آٹھواں دن: فیصلہ

آپ کی رائے پڑھنے کے بعد آئی این ڈی اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا متوقع فیصلہ تبدیل کیا جانا چاہیئے۔ اس جانچ پڑتال کے نتیجہ میں آپ کے پناہ حاصل کرنے کے عمل کی مزید کاروائی کا تعین ہوتا ہے۔ آپ کو(بذریعہ آپ کے وکیل کے) خط ملے گا جس میں آئی این ڈی اس جانچ پڑتال کے نتیجے کے بارے میں آگاہ کرے گی۔ آپ کا وکیل اس کے نتائج کے متعلق آپ کو وضاحت کرے گا۔ اس میں بھی چار باتوں کا امکان ہوتا ہے:

1-آپ پناہ کے رہائشی اجازت نامہ کی شرائط پر باوجود اس کے پورے اترتے ہیں۔ آپکو (بذریعہ آپ کے وکیل کے) آئی این ڈی ایک خط مہیا کرتی ہے، جس میں یہ لکھا ہوتا ہے کہ کہ پناہ کے لیے بارڈر کا طریقہ ختم ہوتا ہے اور آپ کو ہالینڈ میں (عارضی) رہائش جاری رکھنے کی اجازت دی جاتی ہے ۔ آپ کا وکیل اس کے مزید نتائج کے بارے میں آپ کو وضاحت کرے گا۔

2-آئی این ڈی کو (ابھی) تفتیش کے لیے مزید وقت درکارہے اور آپ کی پناہ کے درخواست پر اٹھائیس دنوں کے اندر فیصلہ نہیں کرسکتی۔ آئی این ڈی آپ کی پناہ کے لیے دی گئی درخواست پر پناہ کے توسیعی طریقہ کار کی کاروائی جاری رکھے گی۔ یہ عمل اب (کھلے) مرکز پناہ میں ہو گا۔ آپ کی پناہ کے لیے دی گئی درخواست پر فیصلہ بعد میں آئے گا۔ پناہ کے توسیعی طریقہ کار سے متعلق آپ کو معلومات پر مشتمل ایک دوسرا کتابچہ ملے گا۔

3-آئی این ڈی یہ فیصلہ کرتی ہے کہ آپ پناہ کے رہائشی اجازت نامہ کی شرائط پر پورے نہیں اترتے، لیکن آپ کی پناہ کے لیے دی گئی درخواست پناہ کے توسیعی طریقہ کار میں کاروائی جاری رہے گی۔ یہ عمل اب تقریبا" ایک ہفتے بعد (کھلے) مرکز پناہ میں ہو گا۔ پناہ کے توسیعی طریقہ کار سے متعلق آپ کو معلومات پر مشتمل ایک دوسرا کتابچہ ملے گا۔

4-آئی این ڈی کا اس بات پر یقین برقرار ہے کہ آپ پناہ کے رہائشی اجازت نامہ کی شرائط پر پورے نہیں اترتے۔ آپکو (بذریعہ آپ کے وکیل کے) آئی این ڈی ایک خط (= فیصلہ) مہیا کرتی ہے، جس میں یہ بتایا جاتا ہے کہ آپ کی پناہ کی درخواست مسترد کر دی گئی ہے۔ اس خط میں علیحدہ سے یہ بھی درج ہو گا کہ اس مسترد ہونے کے کیا نتائج ہونگے، آپ اس کے خلاف کیا کر سکتے ہیں اور آپکی واپسی کے کیاکیاممکنات ہیں۔ اس خط میں مسترد کرنے کی وجوہات اور آپ کے لیے اس کے نتائج بھی بیان ہوں گے۔ آپ کا وکیل اس آپ سے اس خط پر بات چیت کرے گا۔

خبردار! اوپرذکر کیا گیا ہے کہ طریقہ برآئے بارڈر کو اصولا" 8 دن میں ختم ہونا ہے۔ بعض دفعہ آئی این ڈی یہ فیصلہ آٹھ دن میں نہیں کر سکتی کیونکہ مزید تفتیش کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اس لیے آٹھ دن کی مدّت کو بڑھا کر 28 دن کردیا جاتا ہے۔ کچھ صورتوں میں آئی این ڈی طریقہ برآئے بارڈر کے اندر مزید وقت لیتی ہے تاکہ آپکی پناہ کی درخواست پہ فیصلہ کر سکے۔ طریقہ برآئے بارڈر کے دوران ہفتہ، اتوار اور چھٹی کے دنوں میں بھی کام ہوتا ہے۔

آئی این ڈی کی کوشش ہوتی ہے کہ طریقہ برآئے بارڈر کو جتنا ممکن ہو سکے مختصر رکھا جائے تاکہ آپ خواہ مخواہ ہی بند وصولی کے مرکزمیں نہ رہیں۔ جونہی واضح ہو جائے کہ آپ کی درخواست پہ مزید عمل بند وصولی کے مرکز میں جاری نہیں رکھا جاسکتا تو اسے روک دیا جاتا ہے۔ اب درخواست پہ مزید کاروائی عمومی طریقۂکار کے تحت ہوگی اور آپ اب مزید وقت کھلے وصولی کے مرکز میں گزاریں گے۔

آپ کو پناہ کا رہائشی اجازت نامہ کب ملے گا؟

ہالینڈ کا تارکین وطن کا قانون وہ شرائط بیان کرتا ہے جس کی بنیاد پر آپ کے لیے رہائشی اجازت نامے کی منظوری دی جاتی ہے۔ اگر آپ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک صورتحال پہ پورے اترتے ہوں تو آپ رہائش کا اجازت نامہ حاصل کر سکتے ہیں:

- آپ کے پاس مصدقہ وجوہات ہیں کہ آپ کو اپنے ملک میں نسلی، مذہبی، شہریت، سیاسی چارہ جوئی یا کسی سماجی تنظیم سے تعلق کی بنیاد پر مقدمات قائم ہونے کا ڈر ہے۔
- آپ کے پاس مصدقہ وجوہات ہیں کہ آپ کے ملک میں آپ کو موت کی سزا یا قتل کئے جانے یا اذیت دیئے جانے یا کسی دوسرے غیر انسانی یا ذلت آمیز سلوک روا رکھے جانے کا خوف ہے۔
- آپ کے پاس مصدقہ وجوہات ہیں کہ آپ کے ملک میں آپ کو کسی مسلح تصادم کے وجہ سے اتفاقی تشدد پسندی کا شکار ہو جانے کا ڈر ہے۔
- آپ کے شریک حیات، ساتھی، والد یا والدہ یا کمسن بچّے نے حال ہی میں ہالینڈ میں پناہ کا رہائشی اجازت نامہ حاصل کیا ہے۔

ہالینڈ کا ہجرت اور حقوق شہریت سے متعلق ادارہ (IND) اس بات کا فیصلہ کرتا ہے کہ آیا آپ پناہ کا رہائشی اجازت نامہ حاصل کرنے کی شرائط پر پورے اترتے ہیں کہ نہیں۔

کن اداروں سے میرا واسطہ پڑے گا؟

Dienst Terugkeer en Vertrek
Ministerie van Veiligheid en Justitie

Dienst Terugkeer en Vertrek
Ministerie van Justitie en Veiligheid
ہالینڈ کا ادارہ برائے وطن واپسی اور روانگی (DT&V) ہالینڈ کی وزارت برائے تحفظ اور انصاف کا حصہ ہے۔ اگر آئی این ڈی آپ کی پناہ کے لیے دی گئی درخواست مسترد کرتا ہے تو DT&V آپ کی وطن واپسی کے انتظامات میں آپ کی مدد کرے گا۔

INTERNATIONAL ORGANIZATION FOR MIGRATION
IOM·OIM
THE UNITED NATIONS MIGRATION AGENCY

International Organization for migration (IOM)
بین الاقوامی ادارہ برائے نقل مکانی ایک خود مختار ادارہ ہے جو کہ نقل مکانی کرنے والے لوگوں کو دنیا بھر میں امداد فراہم کرتا ہے۔ اگر آپ ہالینڈ سے خود جانا چاہیں تو آئی او ایم آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ آئی او ایم آپ کو وطن واپسی اور معاشرے سے دوبارہ ہم آہنگ ہونے سے متعلق عملی معلومات فراہم کرے گا، اور ہالینڈ سے روانگی کے انتظامات میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ VluchtelingenWerk کے کسی اہل کار یا اپنے وکیل کو اس معاملہ میں مدد کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

Dienst Justitiële Inrichtingen
Ministerie van Veiligheid en Justitie

Dienst Justitiële Inrichtingen
شعبۂ جوڈیشل انسٹیٹیوٹ (DJI) وزارت انصاف اور سلامتی کا حصّہ ہے۔ طریقہ برآئے بارڈر کے دوران آپ بند مرکز رہائش میں رہتے ہیں جو کہ (DJI) کے نیچے کام کرتا ہے۔

آپ سے کیا امید کی جا سکتی ہے؟

اہم بات یہ ہے کہ آپ پناہ کے طریقۂکار کے دوران ایسا بیان ویں کہ جس میں پناہ کی درخواست کا ذکر ہو۔ آپ سے یہ بھی امید کی جاتی ہے کہ آپ تمام ثبوت (جن میں دستاویزات یا مثلاً" ایسے خطوط جو کہ آپ کے بیان کو مضبوط کریں) جوکہ آپ کے پاس ہیں یا آپ حاصل کر سکتے ہیں، آئی این ڈی کو دکھائیں۔

کیا آپ کی مخصوص ذاتی صورتحال ہے کہ جس کا آئی این ڈی کو خیال رکھنا ہے تو وہ آئی این ڈي کو بتائیں۔ آئی این ڈی ایسے امور پہ کاروائی کر سکتی ہے مثلاً" انٹرویو کے دوران یا کوآ میں وصولی کے وقت۔ آئی این ڈی کا مقصد آپ کی جہاں تک ہو سکے مدد کرنا ہے۔

پناہ کی درخواست کا واپس لینا

آپ اپنی پناہ کی درخواست کو کسی بھی موقع پہ واپس لے سکتے ہیں۔ اس کے لیے آپ سے درخواست ہے کہ کسی وکیل سے رابطہ کریں یا آئی این ڈی سے رابطہ کریں۔ اگر آپ آئی این ڈی کے پاس جا کر درخواست واپس لیتے ہیں تو اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ آپ مزید ہالینڈ میں نہیں ٹھر سکتے جہ جائیگے کہ آپ کو کسی اور وجہ سے رہنے کی اجازت ہو۔ اس صورت میں آپ کو پناہ کی دی ہوئی سہولتیں ختم ہو جاتی ہیں۔

پناہ کی درخواست کے بعد

اگر آئی این ڈی آپ کی پناہ کی درخواست مسترد کرتی ہے، تو اپنے وکیل کے مشورہ کے بعد آپ ہالینڈ کی کسی عدالت میں اس فیصلے کے خلاف اپیل دائر کر سکتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ عدالت کو آئی این ڈی کے فیصلہ سے اپنے اختلاف کے متعلق باقاعدہ طور پر آگاہ کرتے ہیں۔ آپ عدالت سے یہ بھی استفسار کر سکتے ہیں کہ آیا اپیل کی کاروائی کے دوران آپ کو ہالینڈ میں رہائش کا حق حاصل ہے۔ اس معاملہ میں آپ کا وکیل آپ کی مدد کرے گا۔ اس کے بعد عدالت غور کرے گی کہ آیا آئی این ڈی نے آپ کی پناہ کے لیے درخواست کے فیصلہ میں ہالینڈ کے قانون کا صحیح استعمال کیا ہے۔ زیادہ تر صورتوں میں عدالت کے فیصلہ تک آپ کو ہالینڈ میں رہنے کی اجازت ہوتی ہے۔

اگر آئی این ڈی آپ کی پناہ کی درخواست کو رد کرتی ہے تو آپ کو بند وصولی کے مرکز کے کسی اور شعبے میں منتقل کر دیا جاتا ہے۔ یہاں پہ آپ اس وقت تک رہتے ہیں جب تک آپ کو ہالینڈ سے بے دخل نہیں کردیا جاتا۔ آپ پہ یورپ کے زیادہ تر ملکوں میں داخل ہونے کی پابندی بھی لگ جاتی ہے۔ اس کے نتیجے کے طور پہ آپ یورپ کے ان ملکوں میں داخل یا مقیم نہیں ہو سکتے۔ آپ کی درخواست کے رد ہونے کی صورت میں آپ پناہ کی درخواست دوبارہ دے سکتے ہیں۔ ایسا اس صورت میں بھی ممکن ہے اگر آپ پہ یورپ میں داخلے پہ پابندی لگ گئی ہو۔

آپ اپنے وطن واپسی کے خود ذمہ دار ہیں۔ مرکزواپسی اور رخصتی (DT&V) آپکی واپسی کو منظّم بنانے میں آپ کی مدد کرتا اور آپ سے بات کرتا ہے۔ اگر آئی این ڈی آپ کی پناہ کی درخواست مستردکرتی ہے تو آپ کو وطن واپسی سے متعلق معلومات پر مشتمل ایک علیحدہ کتابچہ ملے گا ۔

اگر آپ رضاکارانہ طور پراپنے وطن واپس جانے کے خواہش مند ہیں، توبین الاقوامی ادارہ برائے نقل مکانی (IOM) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ آئی او ایم آپ کو عملی معلومات فراہم کر سکتی ہے اور روانگی میں مدد کر سکتی ہے۔ ۔ آپ پناہ حاصل کرنے کے عمل کے بعد بھی مدد اور معلومات کے لیے سے رابطہ کر سکتے ہیں VluchtelingenWerk۔

ذاتی کوائف کی پروسیسنگ

ذاتی کوائف میں آپ کے بارے میں ہر قسم کی معلومات شامل ہیں۔ اس فولڈر کے آخر میں ان نمام اداروں کا ذکر ہے جدہوں نے اسے بنانے میں تعاون کیا۔ یہ تمام ادارے آپ کی درخواست کو داخل کرتے اور اس پہ مزید عمل کرنے کے دوران آپ کے ذاتی کوائف کو پروسس کرتے ہیں۔ یہ آپ کے کوائف آپ سے یا دیگر اداروں سے استعمال کرنے کی غرض سے درخراست کرتے ہیں۔ یہ تمام ادارے آپ کے ذاتی کوائف کو استعمال کرتے ، محفوظ رکھتے اور اگر قانونی طور پہ ممکن ہو تو دیگر اداروں کو دیتے ہیں۔ قانون رازداری میں ان اداروں کے فرائض درج ہیں جو آپ کے ذاتی کوائف استعمال کرتے ہیں۔ اس میں درج ہے کہ انھوں نے ان کوائف کے ساتھ احتیاط اور حفاظت برتنا ہے۔ قانون رازداری میں آپ کے حقوق بھی درج ہیں، مثلاً"

- اداروں میں اپنے کوائف دیکھنا
- یہ معلوم کرنا کہ یہ ادارے ان کوائف کے ساتھ کیا اور کیوں کرتے ہیں
- یہ جاننا کہ ان اداروں نے آپ کے کوائف کسے دیے ہیں۔

اگر آپ اپنے ذاتی کوائف کو پروسس کرنے اور اپنے حقوق کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو ان اداروں کی ویب سائٹ دیکھیے۔ اس فولڈر کے نیچے ان کے ویب ایڈریس موجود ہیں۔

عمومی طور پہ پوچھے جانے سوالات

آئی این ڈی کے ساتھ میرا ابتدائی انٹرویو کب ہو گا؟

حاضری کے بعد پناہ حاصل کرنے کے عمل میں تیاری کے لیے آپ کے پاس کم از کم چھ دن ہوتے ہیں۔ اگرآپ مختصر آرام اور تیاری کی مدّت چاہتے ہیں تو اس کا ذکر اپنے وکیل سے کیجیے اور آئی این ڈي کو بتا سکتے ہیں۔ اس کے بعد آپ کا آئی این ڈی کے ساتھ ابتدائی انٹرویو ہوگا۔

آئی این ڈی کے فیصلہ کے لیے مجھے کتنا انتظار کرنا ہو گا؟

اوپر ذکر کیا گیا ہے کہ طریقہ برائے بارڈر کو اصولاً" 8 دن میں ختم ہونا ہے۔ بعض اوقات آئی این ڈی آٹھ دنوں میں کسی فیصلہ پر نہیں پہنچ پاتی، مثال کے طور کیونکہ مزید تفتیش کرنا ضروری ہو۔ اس لیے آٹھ دن کی مدّت کو بڑھا کر 28 دن کردیا جاتا ہے۔ کچھ صورتوں میں آئی این ڈی طریقہ برائے بارڈر کے اندر مزید وقت لیتی ہے تاکہ آپکی پناہ کی درخواست پہ فیصلہ کر سکے۔ طریقہ برائے بارڈر کے دوران ہفتہ، اتوار اور چھٹی کے دنوں میں بھی کام ہوتا ہے۔

آئی این ڈی آپ کی پناہ کی درخواست پر عمل کو پناہ کے توسیعی طریقہ کار کی کاروائی کے دوران جاری رکھنے کا فیصلہ بھی کر سکتی ہے۔ ایسی صورت میں، آپ کی پناہ کے لیے دی گئی درخواست دینے اور اس پر فیصلہ تک پہنچنے کے لیے آئی این ڈی کو زیادہ سے زیادہ چھ ماہ لگیں گے۔ آپ کو پناہ کے توسیعی طریقہ کار کی کاروائی سے متعلق معلومات کے لیے ایک اور کتابچہ دیا جائے گا۔

اگر آئی این ڈی چھ ماہ کے اندر کسی فیصلہ پر نہیں پہنچ پاتی تو وہ آپ کو اس بارے میں آگاہ کرے گی۔ کیا آپ کی پناہ کے لیے دی گئی درخواست کو چھ ماہ گزرنے کے بعد بھی آئی این ڈی نے ابھی تک آپ کو فیصلہ ارسال نہیں کیا یا آپ کو ابھی تک اس بارے میں آئی این ڈی کی طرف سے کوئی پیغام نہیں ملا؟ ایسی صورت میں آپ آئی این ڈی کو ایک خط کے ذریعہ اپنی پناہ کے لیے دی ہوئی درخواست پر دو ہفتوں کے اندر فیصلہ کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔ آپ کا وکیل اس معاملہ میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ آپ کے وکیل کی درخواست پر، عدالت پھر یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ آیا آئی این ڈی کو ہر اس دن کے لیے جرمانہ ادا کرنا چاہیئے جو آپ کی پناہ کے لیے دی گئی ددخواست پر فیصلہ تک نہ پہنچنے میں صرف ہوا ہے۔

میں پناہ کے لیے درخواست دینے کی وجہ کسی عورت کو بتانا چاہوں گی/ گا۔ کیا یہ ممکن ہے؟

ہالینڈ میں، روز مرہ زندگی میں آپ مرد یا خواتین کے ساتھ رابطے سے انکار نہیں کر سکتے۔ ہالینڈ کے معاشرہ میں مرد اور خواتین سے برابر کا سلوک کیا جاتا ہے۔ ہم آپ سے بھی یہی امید کرتے ہیں۔ تاہم اگر آپ آئی این ڈی کی کسی خاتون ملازمہ کو اپنی پناہ کی درخواست دینے کی وجہ بیان کرنا چاہیں گے، تو اس بات کا اظہار آپ کو اپنے ابتدائی انٹرویو (= آئی اینڈ ڈی کے ساتھ ملاقات) میں کرنا ہو گا۔ آئی این ڈی تفصیلی انٹرویو (= دوسری ملاقات) میں ایک خاتون مترجم کی موجودگی کی بھی کوشش کرے گی۔کیا آپ کسی مرد کو پناہ کی درخواست دینے کی وجہ بیان کرنا چاہیں گے؟ ایسی صورت میں آپ اس کا اظہار آئی این ڈی کے ساتھ اپنے ابتدائی انٹرویو میں کر سکتے ہیں۔ آئی این ڈی پھر اپنے کسی مرد ملازم اور کسی مرد مترجم کی تفصیلی انٹرویو میں موجودگی کی کوشش کرے گی۔

حاملہ ہونے یا بیمار ہونے کی صورت میں مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

اگر آپ بیمار یا حاملہ ہیں توائیرپورٹ پہ موجود شعبۂ طب کوبتائیں۔ نرس کو طبی معائنہ کے دوران آگاہ کریں (دیکھیے اوپر)۔ طبّی مشورے کے بارے میں جاننے کے لیے دیکھیں کتابچہ: پناہ حاصل کرنے کی کاروائی شروع کرنے سے پہلے)۔ یہ بہت اہم ہے اگرآپ کو کوئی متعدی مرض لاحق ہے، یا آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کو ہے۔ مثال کے طور پر: تپ دق، باؤلے کتے کے کاٹے کی بیماری/کھجلی یا یرقان بی۔ جو بات بھی آپ نرس کو بتائیں گے وہ خفیہ رکھی جائے گی۔ نرس آپ کی اجازت کے بغیر کبھی بھی دوسرے لوگوں تک آپ کی صحت سے متعلق معلومات نہیں پہنچائے گی۔

اگر آپ پناہ حاصل کرنے کی کاروائی کے دوران بیمار پڑ جاتے ہیں، تو آئی این ڈی یا VluchtelingenWerk کے کسی ملازم کو آگاہ کریں۔ وہ مناسب (طبی) علاج کے حصول میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ اگر آپ آئی این ڈی یا اپنے وکیل کے ساتھ ملاقات والے دن بیمار پڑ جاتے ہیں تو کسی چوکیدار یا VluchtelingenWerk کے کسی ملازم کو اپنے وکیل یا آئی این ڈی کو آگاہ کرنے کا کہیں۔

کیا اس کتابچہ کو پڑھنے کے بعد بھی آپ کو سوالات پوچھنے ہیں؟

آپ اپنے وکیل یا آئی این ڈی یا VluchtelingenWerk کے کسی ملازم سے یہ سوالات پوچھ سکتے ہیں۔

شکایات کے لیے

وہ تمام ادارے جوکہ پناہ کے عمل سے وابسطہ ہیں وہ پیشہ ورانہ طریقے اور احتیاط سے کام کرتے ہیں۔ لیکن اگر آپ پھر بھی سمجھیں کہ درخواست کے عمل کے دوران آپ سے بہتر سلوک نہیں کیا گیا تو آپ ایک شکایت داخل کر سکتے ہیں۔ آپ کا وکیل یا محکمۂ مہاجرین کا کوئی اہلکار اس سلسلے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

یہ اشاعت ایک مشترکہ ایڈیشن ہے:

مرکزی محکمۂ پناہ برآئے پناہگزین | www.coa.nl
محکمہ برآئے واپسی اور رخصت | www.dienstterugkeerenvertrek.nl
شعبۂ مہاجرت اور قومیّت | www.ind.nl
ادارہ برآئے قانونی امداد | www.rvr.org
محکمۂ پناہ، ہالینڈ | www.vluchtelingenwerk.nl

بحکم:

وزارت انصاف اور سلامتی، ڈائریکٹوریٹ پالیسی برآئے مہاجرین
www.rijksoverheid.nl

اس اشاعتی مواد سے کوئی حقوق حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ اگر یہ ترجمہ کسی تشریح کے اختلاف کا موجب بنتا ہے تو صرف ولندیزی (ڈچ) تحریر ہی بنیادی ہو گی۔